Rampur State Gazette.

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۱ ذیقعدہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۱۶ فروری ۱۹۳۵ء) جلد

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	منظوری اسکیم جدید باورچیخانہ خاص	۲ و ۳
(۲)	رہائی قیدی علاءالدین خاں عرف دولہا خاں۔	۴
(۳)	قائمی سلسلہ ملازمت میجر ڈاکٹر امتیاز حسین صاحب	۴

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور۔

(۴)	تقرر میر محمد نور الحق صاحب (عہدہ افسر نوآبادی)	(۵)

(مطبوعہ رامپور اسٹیٹ پریس)

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان عالی متعالی دام اقبالہم و ملکہم

حکم

واقع ۸ر فروری ۱۹۳۵ء

انتظام مندرجہ رپورٹ منظور ہے۔ کاغذات برائے کارروائی صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعد عرض میرساند

جناب عالی

باورچیخانہ خاصہ کی اصلاح و اسلوبی کار کے متعلق ترمیم تنخواہ دینے ایک اسکیم ملازمان مرتب کی ہے جس میں آسامیان سید رضا علی منصرم تنخواہ بیس روپیہ ماہوار و امانت رسول تحویلدار ظروف تنخواہ دس روپیہ آٹھ آنہ ماہوار کو بوجہ تبادلہ باورچیخانہ مہمانداری تخفیف کر کے عبدالمجید ہیڈ منصرم کے خدمات دیرینہ پر لحاظ کرتے ہوئے عبدالرشید پسر عبدالمجید کو بشاہرہ نو روپیہ ماہوار تحویلدار ظروف کے کام کیواسطے تجویز کیا ہے تا ہیڈ منصرم کو بھی مدد ملتی رہیگی نیز سلطان بیگ خدمتگار کو جو دیرینہ ملازم اور خوانندہ ہے۔ نگرانی تحویل ظروف کا کام تفویض کیا جانا اور اسکے صلہ میں پانچ روپیہ ماہوار الاؤنس دیا جانا تجویز کیا ہے۔ اور بیرجاسی لال محرر کو جو دیرینہ ملازم اور کار متعلقہ محنت و مستعدی سے انجام دینے والا ہے۔ ڈیڑھ روپیہ ماہوار اضافہ دیا جانا تجویز کیا ہے۔ اس اسکیم سے بجٹ باورچیخانہ پر کسی قسم کا بار نہیں پڑے گا۔ بلکہ تنخواہوں میں پندرہ روپیہ ماہوار کی بچت رہے گی۔ چونکہ اس اسکیم میں بیرجاسی لال کا اضافہ بھی شامل ہے۔ اس لئے پیشگاہ ہمایوں سے منظوری کی ضرورت ہے۔ لہٰذا کاغذات مع نقشہ کی دو نقل رستم اشاعت گزٹ ذریعہ عرضداشت ہذا پیشگاہ ہمایوں میں پیش کر کے ترقی خواہ ملتجی ہے کہ حکم منظوری اسکیم شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔

آفتاب دولت و اقبال بر ترقی باد

ترقی خواہ۔ دستخط صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

مورخہ ۹ر فروری ۱۹۳۵ء

حکم اولی

سررشتہ ہذا سے احکام ضابطہ جاری ہوں اسکیم منظورہ کی نقول بھی بھیجی جائیں۔

۹ر فروری ۱۹۳۵ء

دستخط صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

حکم ثانی

نقل رپورٹ منصرم ملازمان صدر صاحب ڈپٹی سکریٹری صدر باستدعائے اشاعت گزٹ متعلق اسکیم ملازمان باورچیخانہ خاصہ

نقل اسکیم منظور شدہ اجلاس ہمایوں منسلک ہذا درج گزٹ ہوگی۔

بخدمت ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر دفتر۔

۱۴ر فروری ۱۹۳۵ء

دستخط صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

اسکیم جدید باورچیخانہ خاص

سید رضا علی سنٹرم باورچی خانہ خاصہ تنخواہ ہ ماہوار کا تبادلہ بجائے اسمعیل خاں سنٹرم باورچی خانہ انگریزی عام ہو چکا ہے۔

۱ - عبدالمجید (ہیڈ سنٹرم) باورچی خانہ خاصہ نہایت محنت و مستعدی سے خدمات انجام دے رہا ہے اس لئے باورچی خانہ خاصہ میں کسی دوسرے سنٹرم کے تقرر کی ضرورت نہیں ہے۔ آسامی سید رضا علی تخفیف کی جائے۔

۲ - امانت رسول تحویلدار ظروف تنخواہ ہ (ساڑھے دس روپیہ) ماہوار باورچی خانہ انگریزی عام کو تبدیل ہو چکا ہے۔ نامبردہ کی آسامی تخفیف کیجائے

۳ - تحویلداری ظروف کے واسطے عبدالرشید (پسر عبدالمجید) ہیڈ سنٹرم کا تقرر بشاہرہ نو روپیہ ماہوار کیا جائے۔ نامبردہ کے تقرر سے ہیڈ سنٹرم کو بھی کام میں مدد ملے گی۔

۴ - سلطان بیگ خدمتگار باورچی خانہ انگریزی خاص تنخواہ بارہ روپیہ ماہوار دیرینہ ملازم ہے اور خواندہ ہے۔ تحویلداری ظروف بلکے خانہ کے کام کی نگرانی علاوہ اپنی متعلقہ خدمات کے انجام دے اور عبدالرشید کی ہر طرح امداد کرتا ہے۔ جس کے صلہ میں پانچ روپیہ ماہوار الاؤنس مقرر کیا جائے

۵ - برجباسی لال محرر باورچی خانہ خاصہ تنخواہ ہ (ساڑھے دس روپیہ) ماہوار ہ صہ کا ملازم ہے اور اپنی متعلقہ خدمات کو نہایت محنت و مستعدی و حاضر باشی سے انجام دیتا ہے۔ نامبردہ کی تنخواہ موجودہ میں ہ (ڈیڑھ روپیہ) ماہوار اضافہ دیا جائے۔

انتظام مصرحہ بالا سے بجٹ باورچی خانہ کی مد مشاہرات میں پندرہ روپیہ ماہوار کی بچت رہتی ہے۔ کام میں بھی سہولت ہوگی

دستخط صاحب ہاؤس ہولڈ سپرنٹنڈنٹ

نقشہ کمی و بیشی رقم مد مشاہرات باورچیخانہ خاص

کمی بوجہ تخفیف		بیشی بوجہ تقرر جدید و الاؤنس وغیرہ		
تفصیل تخفیف	رقم	تفصیل تقرر جدید و الاؤنس وغیرہ	رقم	باقی بچت
تخفیف آسامی سید رضا علی سنٹرم باورچیخانہ بجائے اسمعیل خاں سنٹرم باورچیخانہ انگریزی	ہ	تقرر جدید عبدالرشید پسر عبدالمجید ہیڈ سنٹرم بکار تحویلداری ظروف	ہ	
تخفیف آسامی امانت رسول خاں تحویلدار ظروف مبدلہ باورچی خانہ انگریزی عام	ہ	الاؤنس سلطان بیگ خدمتگار بسلسلہ کار نگرانی تحویل ظروف تنخواہ دار	ہ	
		اضافہ برجباسی لال محرر تنخواہ دس روپیہ آٹھ آنہ ماہوار	ہ	
بچت خالص ماہوار	ہ		ہ	ہ

(دستخط صاحب ہاؤس ہولڈ سپرنٹنڈنٹ)

حکم

مورخہ ۱۰ر فروری ۱۹۳۵ء

رپورٹ منظور ہے۔ علاؤ الدین خاں (عرف دولہا خاں) (ولد بہادر الدین خاں) مجرم دفعہ ۲۳۲ تعزیرات رامپور کو بقیہ معافی قید جیل سے رہا کیا جائے۔

کاغذات برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — میر سانند

جناب عالی:

مسمی علاؤ الدین خاں عرف دولہا خاں (ولد بہادر الدین خاں) بجرم دفعہ ۲۳۲ ت رامپور ۶ر جولائی ۱۹۳۳ء کو تین سال قید سخت اور پچاس روپیہ جرمانہ کا سزایاب ہوا تھا۔ دو سال اور دس ماہ سے زیادہ قید کاٹ چکا ہے۔ دو ماہ سے کم میعاد قید باقی ہے۔ قیدی مذکور کی عمر ساٹھ سال کی ہے اور صحت ڈاکٹری سے نہایت کمزور پایا گیا ہے۔ ترقی خواہ مستدعی ہے کہ از راہ ترحم خسروانہ قیدی مذکور کی بقیہ قید معاف فرماکر جیل سے رہائی عطا فرمائی جائے تو عین رعایا پروری ہے۔ زیادہ حد ادب۔

دولت و اقبال ترقی باد

حکم رہائی دی جاوے دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر ۱۰ر فروری ۱۹۳۵ء

جناب صاحب ہوم منسٹر بہادر کی خدمت میں ارسال ہو بمنشائے حکم عالی ضابطہ کارروائی فرمائی جائے۔ ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھی بھیجی جائے۔ ۱۰ر فروری ۱۹۳۵ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم

مورخہ ۱۰ر فروری ۱۹۳۵ء

میجر ڈاکٹر امتیاز حسین اسسٹنٹ سرجن نے قائمی سلسلۂ ملازمت کی استدعا کی ہے۔ رپورٹ دفتر اکاؤنٹنٹ جنرل سے واضح ہوا کہ میجر ڈاکٹر امتیاز حسین یکم مئی ۱۹۲۲ء کے ملازم ہیں۔ ۱۰ر ستمبر ۱۹۲۹ء کو علیحدہ ہو کر ۲۲ر جون ۱۹۳۰ء سے پھر ملازم ہوئے۔ ایک سال نو ماہ اٹھارہ یوم ملازمت سے علیحدگی رہی۔ لہٰذا قائمی سلسلۂ ملازمت کی منظوری دی جاتی ہے۔ لیکن زمانہ علیحدگی کی تنخواہ نہیں ملے گی۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

بائی آرڈر

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

آرڈران اسٹیٹ کونسل ریاست رامپور

آرڈر آف اسٹیٹ کونسل:-

اتی ۵ر فروری ۱۹۳۵ء

اجلاس اسٹیٹ کونسل منعقدہ ۵ر فروری ۱۹۳۵ء میں کاغذات تقرر پیر محمد ظہور الحق عہدہ افسر نو آبادی بشاہرہ ماہانہ (ایک سو پچیس روپیہ) امتحاناً برائے ایک سال پیش ہو کر طے پایا کہ:-

پیر محمد ظہور الحق کا تقرر بشاہرہ ایک سو پچیس روپیہ ماہانہ عہدۂ افسر نو آبادی امتحاناً برائے ایک سال از یکم اکتوبر ۱۹۳۴ء یوم کارکردگی منظور کیا جاتا ہے۔ بیس روپیہ ماہانہ سواری الاؤنس (بسلسلہ دورہ اندرون ریاست) اور چھ روپے ماہانہ بابت کرایہ مکان علاوہ تنخواہ کے پائیں گے۔

پنجاب کے سفر کے لئے حسب قواعد ریاست بہتہ و سفر خرچ ملے گا۔ اور جملہ مصارف مصرحہ بالا نو آبادی فنڈ سے ادا ہوں گے۔ خزانہ ریاست سے اون کا کوئی تعلق نہ ہوگا۔ فائنانس آفس میں اس کا باقاعدہ حساب مثل دیگر فنڈوں کے رکھا جائے۔

حکم ہوا کہ

آرڈر نواح کا غذات متعلقہ برائے کارروائی صاحب منسٹر بہادر انچارج ریونیو کی خدمت میں مرسلہ ہو۔ سررشتہ

دستخط صاحب سکریٹری بہادر سررشتہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ بعد اجرائے احکام اصل کاغذات صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کی خدمت میں بھیجے جائیں۔

۹ر فروری ۱۹۳۵ء

دستخط صاحب منسٹر انچارج ریونیو ڈپارٹمنٹ